## سوال

(07) زید بوقت مغرب مسجد کو جا رہا تھا کہ عمرو نے روک لیا    الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید بوقت مغرب مسجد کو جا رہا تھا کہ مسجد کے قریب ہی سے عمرو نے روک لیا اور لین دین کی باتیں شروع کر دیں زید نے نماز باجماعت نہیں پڑھی، جس پر بکر کو غصہ آیا اور اس نے اس پر کفر کا فتویٰ لگا دیا، اب زید حج کو جانا چاہتا ہے مگر بکر کہتا ہے کہ تیرا حج نہیں ہوگا، رقم ضائع کرے گا کیا یہ صحیح ہے۔ (سائل احمد الدین)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بکر کا فتویٰ غلط ہے زید نماز باجماعت ضائع کرنے سے گنہگار ضرور ہوا مگر اس سے کفر لازم نہیں آتا اسے توبہ کرنی چاہیے اور حج کو جانا چاہیے۔ (اہلحدیث سوہدرہ جلد نمبر۶ شمارہ ۲۰ص ۷)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 08 ص 40